## پرانی کتابوں کی خریداری
ہم عربی و فارسی کی پرانی چھپی ہوئی اور قلمی کتابیں مناسب قیمت پر خرید
کرتے ہیں اور انگریزی کی پرانی چھپی ہوئی کتابیں بھی خرید کرتے ہیں۔
لہٰذا خواہش مند حضرات مندرجہ ذیل پتہ پر یا موبائل کے ذریعہ فوراً رابطہ کریں۔
ZILLY RAHMANI
Mohalla Pachdara, near jeeno wali masjid
AMROHA (U.P.) Pin- 244221
09756698765



Aawami News
Urdu Daily Ranchi-Kolkata-Patna
Website : www.live7tv.com
Group Editor : Aziz Burney
अवामी न्यूज़

# روزنامہ عوامی نیوز

بے باک صحافت کا علمبردار
₹5/- only
کوئی بھی مشورہ یا شکایت کیلئے رابطہ کریں
directoraawaminews@gmail.com
کوئی بھی خبر، تصویر، اطلاع، اعلان ہمیں اس واٹس ایپ نمبر پر ارسال کریں
9102122786
شادی، سالگرہ اور بچوں کی سالگرہ کی تصویر ہمیں Email کریں



Titas® FOOTWEAR



Pages-12 ● 26 :شمارہ ● 12 :جلد ● KOLKATA ● Sunday, 26th January, 2025 ● RNI No. WBURD/2014/56804 ● E-mail- News: aawaminewskolkata@gmail.com, Advt: kolkataadvt@gmail.com, Ph. 033-46034477 / 40651166, Fax: 033-4062-8332 ● کلکتہ ● اتوار، ۲۶ رجنوری ۲۰۲۵ء ● بمطابق ۲۵ ررجب المرجب ۱۴۴۶ھ



# یوم جمہوریہ 2025: 942 اہلکاروں کو تمغہ سے نوازیں گی صدر مرمو

### اعلانِ تعطیل
یوم جمہوریہ کے موقع پر دفتر عوامی نیوز میں 26 جنوری کو چھٹی رہے گی اوراس کا اگلا شمارہ منگل 28 جنوری کو شائع ہوگا۔ادارہ)






## 95 جوانوں کو بہادری کا انعام



نئی دہلی، 25 رجنوری: یوم جمہوریہ کی قبل شام پولیس، فائر بریگیڈ، ہوم گارڈ اورشہری تحفظ اور اصلاحات کی خدمات کے کل 942 اہلکاروں کومختلف زمروں کے بہادری/خدمات ایوارڈ (گیلنٹری ایوارڈ) سے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نوازیں گی۔ ہفتہ کو جاری ایک سرکاری بیان میں اس کی جانکاری دی گئی۔ اس میں 95 جوانوں کو بہادری تمغہ، 101 کو خصوصی خدمات کے لیے صدر جمہوریہ تمغہ، 746 کو قابل ستائش خدمات کے لیے تمغے دیئے گئے۔

مرکزی وزارت داخلہ نے بتایا کہ انعام پانے والوں میں پولیس، فائر بریگیڈ اورشہری تحفظ کے اہلکار اور اصلاحی خدمات میں کام کرنے والے اہلکار شامل ہیں۔وزارت داخلہ کے مطابق تمغہ حاصل کرنے والے 95 جوانوں میں سے 28 اہلکار بائیں بازو کے انتہا پسندی سے متاثرہ علاقوں میں تعینات تھے، 28 جموں و کشمیر علاقے میں، تین شمال-مشرق میں اور 36 دیگر علاقوں میں تعینات تھے، جنھیں ان کی بہادری کے کاموں کے لیے اعزاز سے نوازا گیا ہے۔خصوصی خدمات (پی ایس ایم) کے لیے 101 صدارتی تمغوں میں سے 85 پولیس اہلکاروں کو، 5 فائر بریگیڈ سروس کے اہلکاروں کو، 7 شہری تحفظ اور ہوم گارڈ سروس کے اہلکاروں کو اور 4 اصلاحات خدمات انجام دینے والے اہلکاروں کو فراہم کیے گئے ہیں۔

بیان میں کہا گیا ہے کہ 746 قابل ستائش خدمات تمغوں (ایم ایس ایم) میں سے 634 پولیس سروس کو، 37 فائر بریگیڈ سروس کو، 39 شہری تحفظ اور ہوم گارڈ سروس کو اور 36 اصلاحی خدمات انجام دینے والوں کو فراہم کیے گئے ہیں۔واضح ہو کہ بہادری تمغہ (گیلنٹری میڈل) غیر معمولی بہادری کے کاموں کے لیے فراہم کیا ہے۔ وہیں صدارتی خدمات تمغہ (پی ایس ایم) خدمات میں خصوصی اور بہترین ریکارڈ کے لیے فراہم کیا جاتا ہے۔جبکہ قابل ستائش خدمات تمغہ (ایم ایس ایم) اس بیش قیمت خدمات کے لیے دیا جاتا ہے جو فرائض کے تئیں وقفیت کے ساتھ کی جاتی ہے۔






## اتراکھنڈ: اترکاشی میں 24 گھنٹے میں چوتھی بار زلزلہ کے جھٹکے، لوگوں میں خوف ودہشت

اتراکھنڈ 25 رجنوری:: اترکاشی میں پھر زلزلہ کے جھٹکے لگے ہیں۔ ہفتہ کی صبح 5:48 بجے زلزلہ کا ہلکا جھٹکا محسوس کیا گیا۔ زلزلے کا مرکز تحصیل ڈونڈا کے گاؤں کھرکوٹ اور بھرن گاؤں کے وسط جنگلی علاقے میں تھا۔ کل جمعہ کو بھی یہاں زلزلہ کے تین جھٹکے محسوس کیے گئے تھے۔ لگاتار آ رہے زلزلہ سے لوگ خوفزدہ ہوگئے ہیں اور اپنی حفاظت کو لے کر کافی فکرمند ہیں۔ وہیں انتظامیہ نے بھی آفات انتظامیہ نظام کو الرٹ کر دیا ہے۔ فی الحال زلزلہ سے کسی طرح کے نقصان کی اطلاع حاصل نہیں ہوئی ہے۔
اتر کاشی میں زلزلہ کے جھٹکوں کے بعد انتظامیہ نے فوری کارروائی کی ہے۔ محکمہ آفات انتظامیہ نے ایس ڈی آر ایف کی ایک ٹیم کو موقع پر بھیج دیا ہے تاکہ کسی بھی طرح کے آفات سے نپٹنے کے لیے وہ مستعد رہیں۔ یہ ٹیم لینڈ سلائیڈنگ زون اور زلزلہ سے متاثر علاقوں میں نگرانی رکھے گی اور ضرورت پڑنے پر راحت کا کام شروع کیا جائے گا۔

## جنوبی کیلیفورنیا میں 5 نئے مقامات پر آگ بھڑک اٹھی

واشنگٹن، 25 جنوری (یواین آئی) امریکی ریاست میں گزشتہ چند ہفتوں کے دوران آگ نے تباہی مچا دی ہے، پیلیسیڈس اور ایٹن میں لگنے والی آگ نے مجموعی طور پر 37 ہزار ایکڑ سے زائد رقبے جلا کر خاکستر کر دیا اور کم از کم 28 افراد ہلاک ہوئے۔
برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی کی رپورٹ کے مطابق آگ کو للگونا، سیپول ویڈا، کیبل، گلمین اور بارڈر 2 کا نام دیا گیا، جو لاس اینجلس، سان ڈیاگو، وینٹورا اور ریورسائیڈ کی کاؤنٹیوں میں بھڑک اٹھی۔
دوسری جانب، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے تباہی سے متاثرہ مغربی شمالی کیرولائنا کا دورہ کیا اور لاس اینجلس روانہ ہوگئے۔







# یوم جمہوریہ کے موقع پر 942 پولیس اہلکاروں کو شجاعت اور خدمت کے تمغوں سے نوازا گیا

نئی دہلی، 25 جنوری (یواین آئی) یوم جمہوریہ کے موقع پر پولیس، فائر بریگیڈ، ہوم گارڈ اور سول ڈیفنس کے 942 اہلکاروں کو شجاعت اور خدمت کے تمغوں سے نوازا گیا۔ وزارت داخلہ نے ہفتہ کو یہاں بتایا کہ ان میں شجاعت کے 95 تمغے بھی شامل ہیں۔ شجاعت کا تمغہ حاصل کرنے والوں میں سے 78 کا تعلق پولیس سروس سے ہے اور 17 کا تعلق فائر سروس سے ہے۔ تمغوں سے نوازے جانے والے اہلکاروں میں ایسے 101 اہلکار بھی شامل ہیں جنہوں نے امتیازی خدمات کے لیے صدر کا تمغہ حاصل کیا۔ ان میں سے 85 پولیس سروس سے، 5 فائر سروس سے، 7 سول ڈیفنس اور ہوم گارڈ سے اور 4 اصلاحی خدمات کے اہلکار ہیں۔

## آئندہ پانچ برسوں میں دہلی کے تمام علاقوں میں سیوریج لائنیں ٹھیک کریں گے : کجریوال


نئی دہلی، 25 جنوری (یواین آئی) عام آدمی پارٹی کے قومی کنوینر اروند کجریوال نے کہا کہ گزشتہ 10 برسوں میں نئے گٹر بچھانے کا بہت کام کیا گیا ہے اور آئندہ پانچ سالوں میں ہم تمام گٹروں کی سیوریج لائنوں کو ٹھیک کر دیں گے۔ دہلی کے علاقوں مسٹر کجریوال نے ہفتہ کو ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ 2015 میں جب ہماری حکومت پہلی بار بنی تھی تو ہمیں کئی مسائل ورثے میں ملے تھے۔ ایک بڑا مسئلہ سیوریج کا تھا۔ دہلی میں 1,792 کچی کالونیاں ہیں۔ سپریم کورٹ اور مرکزی حکومت کے احکامات کی وجہ سے 2015 سے پہلے ان کالونیوں میں ترقی کی اجازت نہیں دی گئی تھی۔ ہم نے ان تمام رکاوٹوں کو عبور کیا اور تمام کچی کالونیوں کے اندر کام کرنا شروع کر دیا۔

ان کا کہنا تھا کہ ان کچی کالونیوں میں سیوریج کی پائپ لائن نہیں تھی اس لیے تمام گٹر نالیوں اور گلیوں کے اندر بہہ جاتے تھے۔ گزشتہ 10 برسوں میں ہم نے تقریباً تمام کالونیوں میں بڑے پیمانے پر سیوریج پائپ لائنیں بچھائی ہیں۔


















## بالی میونسپلٹی کے سامنے ترنمول یوتھ کانگریس کا سی پی ایم کی ہرمد باہنی کے خلاف لعنتی جلسہ





اسسال بھی ہوڑہ ضلع (صدر) ترنمول یوتھ کانگریس کی جانب سے بالی میونسپلٹی کے سامنے ظالم سی پی ایم کی بربریت کے خلاف لعنتی جلسے کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر حکومت مغربی بنگال کے وزیر اروپ رائے، شرشٹی دھر گھوش، کیلاش مشرا، تفضیل احمد، ریاض احمد، بھاسکر گوپال چٹرجی، ابھیجیت گنگولی، سرجیت چکرورتی، راجیو لکھمن، سوبیر راؤت، پرابیر رائے چودھری اور ملی رائے وغیرہ موجود تھے۔ اس کے تقریباً 30 وارڈوں کے صدرو بھی موجود تھے۔ واضح رہے 25 جنوری 2010 کو بالی میونسپلٹی کے سامنے اہتمام کردہ احتجاجی جلسہ پر خونی سی پی ایم کے ہرمد باہنی نے جان لیوا حملہ کیا تھا۔ ریاض احمد اور تفضیل احمد زخمی ہوئے تھے اور مقامی سرکاری اسپتال میں زیر علاج تھے۔




سنسکرت کے ماہر اچاریہ جمال احمد جمال (مروئی والے) 98 سال کے ہوگئے۔ اس خوشی میں ایک جلسہ تہنیت ایران سوسائٹی میں رکھا گیا جس میں ریاستی وزیر جاوید احمد خان، جمیل منظر، ڈاکٹر شبیر ابروی، ڈاکٹر منصور عالم، قمرالدین ملک اور خواجہ احمد حسین مومن نے نظامت کی۔




## کتاب 'بیلور سے بسنا پورتک' کی شاعری



ایک اندھیری شام باغبانی میں شاعری میں کھوگئی، گھرے جنگلوں اور ہریالی کی ایک وسیع سلطنت، ہلکی دھند کی چادر میں لپٹی ساری فضا شاعرانہ ہوگئی۔ مہروہ درختوں کے میلے میں خاموشی کی کہکشاں میں شاعر سبودھ سرکار بے ساختہ اشعار پڑھ رہے تھے۔ لاتعداد قارئین اس سحر کی گرمی محسوس کر رہے تھے شاعر کے نئے شائع ہونے والے شعری مجموعے 'بیلور سے بسنا پورتک'۔ آنند سکنیٹ بک فیئر کے موقع پر سبودھ سرکار نے اپنی کتاب "بیرون ایک بار" سے کچھ خوبصورت نظمیں سنائیں جب شاعر نے بیلور، ٹائی ٹینک سمیت کل آٹھ نظمیں سنائیں۔ ۔ راجر چیلے، اور عیسیٰ۔ ایک لمحے میں ختم ہونے والے نظم کے دلکش اسرار نے ناقابل تسخیر، مضبوط سامعین کو زخمی کر دیا۔ وہ اپنے محبوب شاعر کی آواز میں کچھ اور اشعار سننا چاہتا تھا۔ اسٹیج حیرت انگیز تھا، شاعر سبودھ سرکار کو اپنے اردگرد کے سینکڑوں درختوں کو چھونے سے زیادہ اپنی نظمیں سنانے سے زیادہ اطمینان حاصل ہوا۔ جی ہاں، اب وہاں کول انڈیا کولکاتا ادبی اجلاس ہو رہا ہے۔ مالاویکا بنرجی ایک شاندار ادبی میلے میں سب سے آگے تھیں شاعر کو امید ہے کہ اس باغ کو جلد ہی مالویکا کانن کا نام دیا جائے گا۔ درخت کا ہر پتا نظم اور راگ کی سرگوشی سے بیدار ہوا۔ وہ دھن کلکتہ سمفنی آرکسٹرا کے وائلن بجاتے تھے۔ یہ کہے بغیر کہ شاعر نے پچاس منٹ تک نظم پڑھ کر بے پناہ خوشی محسوس کی۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پڑھی گئی نظم نے پورے ماحول کو ایک الگ جہت بخشی جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنے ساتھیوں کے ساتھ یروشلم جا رہے تھے، ان چالیس دنوں کے دوران بچھو نے حملہ کر دیا۔ ناقابل برداشت مصائب کا اظہار شاعری کے ذریعے کیا گیا۔ بلاشبہ ایک انوکھی، ناقابل تصور اور پاکیزہ شاعری کی شام یقیناً سب کو پرانی یادوں میں مبتلا کر دے گی۔




راجہ بازار بوائز اینڈ گرلس اسکول (انگلش میڈیم) کے سالانہ اسپورٹس امہر اسٹریٹ کے سینٹ پال کالج گراؤنڈ میں ہوا جس میں اسکول کے تقریباً 800 اسٹوڈینٹس نے مختلف ایوینٹ میں حصہ لیے اس اسپورٹس میٹ میں اسکول کے پرنسپل عطیہ مشتاق۔ نائب پرنسپل ساجد پرویز سمیت دیگر ٹیچرس موجود تھے۔ طلبہ کے ساتھ گارجین کی بڑی تعداد موجود تھی۔







# آشا کارکنان صحت کی دیکھ بھال کی اسکیموں کی ریڑھ کی ہڈی: وزارت صحت

نئی دہلی، 25 جنوری (یواین آئی) صحت اور خاندانی بہبود کی مرکزی وزارت میں سکریٹری پنیا سلیلا سریواستو نے آج کہا کہ ٹی بی کے خاتمے کے پروگرام کی کامیابی میں آشا کارکنوں کا بہت بڑا رول ہے اور وہ مرکزی صحت کی اسکیموں کی ریڑھ کی ہڈی ہیں۔ یوم جمہوریہ کی پریڈ دیکھنے کے لیے خصوصی مہمانوں کے طور پر مدعو کیے گئے 250 آشا کارکنوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے محترمہ سریواستو نے کہا کہ ان کی شاندار شراکت کو تسلیم کرنے کے لیے حکومت نے تقریباً 250 آشا کارکنوں کو 76 ویں یوم جمہوریہ کی تقریبات میں بطور مہمان خصوصی مدعو کیا ہے۔ ریاستوں سے کارکنوں کو ان کی شریک حیات کے ساتھ مدعو کیا گیا ہے۔ یہ اعزاز نہ صرف ان سرشار صحت کارکنوں کے حوصلے کو بڑھاتا ہے بلکہ ان کے تعاون کی نمایاں قدر کی بھی عکاسی کرتا ہے۔ یہ ان کے اہم کردار کو تسلیم کرنے کی ایک مضبوط مثال قائم کرتا ہے۔ اس موقع پر مرکزی وزارت صحت کے سکریٹری نے کہا" آشا کارکنان ملک میں صحت کی اسکیموں کی ریڑھ کی ہڈی ہیں۔ "معاشرے میں ان کی بے پناہ شراکت کی تعریف کرتے ہوئے انہوں نے کہا" ٹی بی کے خاتمے کے مشن میں نمایاں کامیابی کا سہرا بنیادی طور پر آشا کے نچلی سطح کے کارکنوں کو جاتا ہے۔ "فی الحال، 10 لاکھ 29 ہزار سے زیادہ آشا کارکنان ملک کے صحت کی دیکھ بھال کے نظام میں رابطے کے پہلے نقطہ کے طور پر کام کر رہی ہیں، جو کمیونٹیز اور ضروری صحت کی دیکھ بھال کی خدمات کے درمیان ایک اہم ربط کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ وہ مختلف سرکاری صحت کے اقدامات جیسے ماں اور بچے کی صحت کی دیکھ بھال، حفظان صحت کے ٹیکوں کے فروغ اور قومی تپ دق کے خاتمے کے پروگرام میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ دارالحکومت پہنچنے پر افسروں نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ انہیں دہلی کے مشہور مقامات دکھانے کی غرض سے لے جانے کے لیے خصوصی سیاحتی انتظامات کیے گئے ہیں۔ وہ کرتویہ پتھ پر قومی جنگی یادگار اور انڈیا گیٹ پر شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کریں گی اور 76 ویں یوم جمہوریہ پریڈ سے بھی لطف اندوز ہوں گی۔

# تلنگانہ ہائی کورٹ میں چار ایڈیشنل ججوں نے حلف لیا


حیدرآباد، 25 جنوری (یواین آئی) ایک اہم پیش رفت میں، چار نئے مقرر کردہ ایڈیشنل ججوں نے آج تلنگانہ ہائی کورٹ میں حلف لیا ہائی کورٹ کے چیف جسٹس سوجے پال نے یہاں ایک تقریب میں جسٹس رینوکا یارا، جسٹس نندی کونڈا نرسنگا راؤ، جسٹس ای تھرومالا دیوی اور جسٹس بی آر مدھوسودن راؤ کو حلف دلایا۔ جسٹس رینوکا یارا نے ترقی سے قبل سٹی سیول کورٹ کے چیف جسٹس کے طور پر خدمات انجام دیں، جسٹس نندی کونڈا نرسمہا راؤ سٹی اسمال کاز کورٹ کے چیف جسٹس کے عہدے پر فائز تھے، جسٹس ای تھرومالا دیوی رجسٹرار جنرل اور ہائی کورٹ کے ویجیلنس رجسٹرار تھے جبکہ جسٹس رنڈ یکونڈا بی آر مدھوسودن راؤ ہائی کورٹ کے رجسٹرار (ایڈمنسٹریشن) تھے۔ ان تقرریوں کے ساتھ ہی تلنگانہ ہائی کورٹ میں ججوں کی کی منظور شدہ تعداد تعداد 42 میں سے بڑھ کر 30 ہوگئی ہے، اس طرح عدالت کی مقدمات کو نمٹانے اور انصاف کی فراہمی کی صلاحیت میں اضافہ ہوا ہے۔

















## Happy Republic Day




## VERY VERY HAPPY REPUBLIC DAY

I with Blessing to light up your life and hope that it is filled with happiness peace Joy and Success

تمام اہلِ وطن کو تہہ دل سے

**یومِ جمہوریہ**

بہت بہت مبارک



## بیدھان اپادھائے

میئر آسنسول میونسپل کارپوریشن

ایم ایل اے بارہ بونی اسمبلی

**BIDHAN UPADHYA**

MAYOR
Asansol Municipal Corporation
MLA. BARA BONI ASSEMBLY

---



عزیزان وطن اور خصوصی طور پر
باشندگان آسنسول کو دل کی گہرائیوں سے

**یومِ جمہوریہ**

مبارک

**اونچا رہے ترنگا ہمارا**



## غلام سرور

کاؤنسلر وارڈ 28
آسنسول میونسپل کارپوریشن آسنسول شمال

**GHULAM SARWAR**

Councillor Ward No. 28
Asansol Municipal Corporation
Asansol.

## مہاراشٹر: پونے میں 'گولین-بیرے سنڈروم' کا قہر، مریضوں کی تعداد 73 پہنچی، 14 کی حالت سنگین

25 رجنوری: مہاراشٹر کے پونے شہر میں اس وقت ایک خاص بیماری کا خوف دیکھنے کو مل رہا ہے۔ اس بیماری کا نام ہے 'گولین-بیرے سنڈروم'۔ علاقے میں اس مرض میں مبتلا اشخاص کی تعداد لگاتار بڑھتی جا رہی ہے اور گزشتہ ایک ہفتہ میں ہی 20 نئے کیس سامنے آئے ہیں۔ تازہ معاملوں کے بعد مریضوں کی تعداد بڑھ کر 73 ہو گئی ہے، جن میں 47 مرد اور 26 خواتین ہیں۔ میڈیا رپورٹس میں یہ بھی بتایا جا رہا ہے کہ 14 مریضوں کی حالت سنگین ہے۔ انھیں وینٹیلیٹر پر رکھا گیا ہے۔ تشویشناک حالات کو دیکھتے ہوئے پونے میں محکمہ صحت پوری طرح فعال ہو گئی ہے اور اسپتالوں کو الرٹ کر دیا گیا ہے۔



اچانک نئے معاملے بڑھنے کی وجہ سے اسپتالوں نے مریضوں کے بلڈ سیمپل کو سیدھے آئی سی ایم آر اور این آئی وی (نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف وائرولوجی) بھیجنا شروع کر دیا ہے۔ محکمہ صحت نے حالات کو قابو میں کرنے کے لیے ریپڈ رسپانس ٹیم بھی تشکیل دی ہے۔ ٹیم کے اراکین پونے اور آس پاس کے علاقوں میں ملنے والے مریضوں کو فوراً اسپتالوں میں داخل کروا رہے ہیں۔ اس کے علاوہ طبی افسران نے شہر اور دیہی علاقوں میں 7500 سے زائد گھروں کا سروے کیا ہے۔


طبی ماہرین یہ پتہ لگانے کی کوشش کر رہے ہیں کہ کہیں یہ مرض پانی کی وجہ سے تو نہیں پھیل رہا۔ لیکن ابھی اس سلسلے میں کوئی بھی مصدقہ جانکاری سامنے نہیں آ سکی ہے۔ اس بیماری کو ایک 'ریئر ڈزیز' (نایاب مرض) مانا جاتا ہے۔ لیکن پھر بھی پونے میں اس کے معاملے تیزی سے بڑھ رہے ہیں جس سے تشویش پیدا ہو گئی ہے۔ ابھی تک یہ نہیں پتہ چل سکا ہے کہ یہ مرض ایک ساتھ اتنے لوگوں کو کس طرح ہو گیا۔


واضح رہے کہ گولین-بیرے سنڈروم ایک نیورولاجیکل ڈسارڈر ہے۔ اس میں نسوں سے متعلق مسائل بڑھنے لگتے ہیں۔ کئی بار امیون سسٹم اپنے ہی اعصاب پر حملہ کرتا ہے جس سے مریض کے ہاتھ پیر میں اچانک کمزوری اور جھنجھنی کا مسئلہ بڑھ جاتا ہے۔ کئی مرتبہ تو مریض کو اٹھنا بیٹھنا تک مشکل ہو جاتا ہے۔

## 'الیکشن کمیشن آئین کا مذاق بنا رہا'، نیشنل ووٹرس ڈے پر کانگریس نے الیکشن کمیشن کو بنایا ہدف تنقید

25 رجنوری: کانگریس نے ہفتہ (25 جنوری) کے روز نیشنل ووٹرس ڈے پر الیکشن کمیشن کی آزادی کے ساتھ گزشتہ ایک دہائی میں چھیڑ چھاڑ کیے جانے کا دعویٰ کیا اور کہا کہ آج جس طرح سے کمیشن کام کر رہا ہے، وہ آئین کا مذاق اور ووٹرس کی توہین ہے۔ اس معاملے میں ایک طرف کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے کا کہنا ہے کہ الیکشن کمیشن کی تنظیمی ایمانداری لگاتار زوال پذیر ہے اور یہ سنگین قومی فکر کا موضوع ہے، دوسری طرف کانگریس جنرل سکریٹری جے رام رمیش نے دعویٰ کیا کہ ہریانہ کے اور مہاراشٹر کے حالیہ اسمبلی انتخابات کو لے کر ظاہر کی گئی فکر پر کمیشن کا رخ حیرت انگیز طور پر تفریق سے بھرا رہا ہے۔ کھڑگے نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر کیے گئے پوسٹ میں لکھا ہے کہ ''ہم بھلے ہی نیشنل ووٹرس ڈے مناتے ہیں، لیکن گزشتہ 10 سالوں میں ہندوستان کے الیکشن کمیشن کی ایمانداری لگاتار زوال پذیر ہے، جو کہ قومی فکر کا موضوع ہے۔'' انھوں نے مزید کہا کہ ''ہمارا الیکشن کمیشن اور ہماری پارلیمانی جمہوریت، وسیع اندیشوں کے باوجود دہائیوں سے غیر جانبدار، آزاد اور عالمی سطح پر مثالی بن گیا۔ عالمگیر بالغ حق رائے دہی کے حصول اور پنچایت و شہری مقامی بلدیات ہمارے پالیسی سازوں کے نظریہ کی علامت ہے۔'' کھڑگے کے مطابق جمہوری طریقہ کار کو قائم رکھنے میں لاپرواہی انجانے میں آمریت کا راستہ ہموار کر سکتی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ''ہماری جمہوریت کو بچائے رکھنے اور اسے نشان زد کرنے والے آئینی اصولوں کو بنائے رکھنے کے لیے ہمارے اداروں کی آزادی کی حفاظت کرنا ضروری ہے۔''

کانگریس جنرل سکریٹری جے رام رمیش نے بھی سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر ہی اپنے نظریات ظاہر کیے ہیں۔ انھوں نے لکھا ہے کہ ''آج کے دن کو 2011 سے نیشنل ووٹرس ڈے کی شکل میں منایا جاتا ہے۔ 75 سال پہلے آج ہی کے دن 25 جنوری 1950 کو الیکشن کمیشن وجود میں آیا تھا۔'' انھوں نے مزید کہا کہ ''الیکشن کمیشن ایک آئینی ادارہ ہے۔ اس کے پہلے چیئرمین سوکمار سین تھے جنھوں نے ہماری انتخابی جمہوریت کی بنیاد رکھنے میں اہم کردار نبھایا تھا۔ وہ واحد چیف الیکشن کمشنر تھے جو 8 سالوں تک اس عہدہ پر رہے۔''














ہندوستان ایک بھرپور تنوع کی سرزمین ہے جہاں بے شمار ثقافتیں، زبانیں بولی جاتی ہے۔ یوم جمہوریہ تنوع میں اس اتحاد کی یاد دہانی کا کام کرتا ہے۔ ہمارا آئین اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ ہر فرد کے حقوق کا تحفظ کیا جائے خواہ وہ کسی بھی قسم کے ہوں۔ پس منظر میں آئین اس تنوع کا احترام کریں اور ایک متحد اور خوشحال ہندوستان کی تعمیر کا عہد کریں جہاں تمام شہریوں کے ساتھ احترام اور برابری کا سلوک کیا جائے۔






Published and Printed by Prem Shankar for AAWAMI NEWS, 30, Chittaranjan Avenue, 4th Floor, Kolkata - 700012 Printed at Saraswati Print Factory Pvt. Ltd. - 789, Chowbhaga West, Near Chaina Mandir, Kolkata- 700105, Editor-Prem Shankar, News Editor : Khurshid Akhter Farazi, - RNI No. WBURD/2014/56804
پرنٹر و پبلیشر شری پریم کے ذریعہ 30/ چترنجن ایونیو، چوتھی منزل، کولکاتا۔ 12، سرسوتی پرنٹ فیکٹری پرائیوٹ لمیٹڈ۔ 789، چوبھاگا ویسٹ نزد: چائنا مندر، کولکاتہ۔ 105 سے شائع ۔ ایڈیٹر: پریم شنکر ، نیوز ایڈیٹر: خورشید اختر فرازی۔ (پی آر بی ایکٹ کے تحت خبروں کے انتخاب کے لئے جوابدہ) RNI WBURD/2014/56804